یعنی
ہمارا اسلام
ترتیب
خلیل العلماء مفتی محمد خلیل خاں قادری برکاتی
شیخ الحدیث دارالعلوم احسن البرکات ٹرسٹ
حیدرآباد سندھ پاکستان
ناشر
فرید بک سٹال ۳۸ اردو بازار لاہور

اولاد کی صحیح تربیت نوافل میں مشغولیت سے بہتر ہے (ردالمحتار)

اہلِ اسلام اہلِ سنت وجماعت کی صحیح رہنمائی کرنیوالا مسلمان بچوں اور بچیوں کو سچا پکا سنی حنفی محمدی بنانے والا ایک نفیس ومبارک سلسلہ

یعنی

مرتبہ

خلیل العلماء مفتی محمد خلیل خاں قادری برکاتی
شیخ الحدیث دارالعلوم احسن البرکات (ٹرسٹ)
حیدرآباد (سندھ) پاکستان

فرید بک سٹال (رجسٹرڈ) ۳۸۔ اردو بازار لاہور

دُعائے قنوت

جو وتر کی تیسری رکعت میں سورت کے بعد رکوع سے پہلے کانوں تک ہاتھ اُٹھا کر اور "اللہ اکبر" کہہ کر پڑھی جاتی ہے۔

اَللّٰهُمَّ اِنَّا نَسْتَعِيْنُكَ وَ نَسْتَغْفِرُكَ وَ نُؤْمِنُ بِكَ وَنَتَوَكَّلُ عَلَيْكَ وَنُثْنِيْ عَلَيْكَ الْخَيْرَ وَ نَشْكُرُكَ وَلَا نَكْفُرُكَ وَ نَخْلَعُ وَنَتْرُكُ مَنْ يَّفْجُرُكَ ۔ اَللّٰهُمَّ اِيَّاكَ نَعْبُدُ وَلَكَ نُصَلِّيْ وَ نَسْجُدُ وَ اِلَيْكَ نَسْعٰى وَ نَحْفِدُ وَ نَرْجُوْا رَحْمَتَكَ وَ نَخْشٰى عَذَابَكَ اِنَّ عَذَابَكَ بِالْكُفَّارِ مُلْحِقٌ ۔

الٰہی ہم تجھ سے مدد طلب کرتے ہیں اور مغفرت چاہتے ہیں اور تجھ پر ایمان لاتے ہیں اور تجھ پر توکل کرتے ہیں اور بھلائی کے ساتھ تیری ثنا کرتے ہیں اور ہم تیرا شکر کرتے ہیں ناشکری نہیں کرتے اور ہم جدا کرتے اور اس شخص کو چھوڑتے ہیں جو تیری نافرمانی کرے اے اللہ ہم تیری ہی عبادت کرتے اور تیرے ہی لیے نماز پڑھتے ہیں اور سجدہ کرتے اور تیری طرف دوڑتے ہیں۔ ہم تیری رحمت کے اُمیدوار ہیں اور تیرے عذاب سے ڈرتے ہیں بے شک تیرا عذاب کافروں کو پہنچنے والا ہے۔

سوال ۴۰ : جسے دُعائے قنوت یاد نہ ہو وہ کیا پڑھے؟

جواب : جو دُعائے قنوت نہ پڑھ سکے یہ دُعا پڑھے : رَبَّنَا اٰتِنَا فِی الدُّنْيَا حَسَنَةً وَّ فِی الْاٰخِرَةِ حَسَنَةً وَّقِنَا عَذَابَ النَّارِ ۔

سوال ۴۱ : رکوع کے بعد کھڑا ہونے کو کیا کہتے ہیں؟

جواب : رکوع کے بعد کھڑا ہونے کو "قومہ" کہتے ہیں۔

سوال ۴۲ : دونوں سجدوں کے درمیان بیٹھنے کو کیا کہتے ہیں؟

جواب : دو سجدوں کے درمیان بیٹھنے کو "جلسہ" کہتے ہیں۔

سوال ۴۳ : بہت سے لوگ مل کر نماز پڑھتے ہیں اُسے کیا کہتے ہیں؟